© rasailojaraid.com



# اخبار الجامعہ

## قاری ثناء اللہ خان

26/مارچ 2009ء بروز جمعرات:

جامعہ ہذا کے ششماہی امتحانات کے نتیجہ کے سلسلہ میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوا جس میں طلبائے کرام کی حوصلہ افزائی کے لئے نقد انعامات کے ساتھ ساتھ قیمتی کتب بطور تحفہ انعام مقرر کئے گئے۔ جو کہ پہلی، دوسری، تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کرام کو اساتذہ کرام اور شیوخ عظام نے اپنی مبارک ہاتھوں سے ان کی دلجوئی کیلئے انعامات دیئے۔

4/اپریل 2009ء بروز سنیچر:

قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب جامعہ تشریف لائے جن کے ساتھ حضرت مولانا گل نصیب خان، مولانا قاری محمد عبداللہ، مفتی عبدالغنی اور جمعیت کے دیگر اکابرین حضرات موجود تھے اس موقعہ پر قائد جمعیت نے طلباء کرام سے جامع انداز میں خطاب فرمایا۔ نیز حضرت مولانا گل نصیب خان صاحب نے بھی طلباء کرام کو ناصحانہ خطاب میں تعلیم کی ضرورت واہمیت اور بالخصوص عربی لینگویج کی ضرورت پر بہت زور دیا۔

8/مئی 2009ء بروز جمعہ:

حضرت مہتمم صاحب حرمین شریفین کی زیارت اور عمرہ کی سعادت حاصل کر کے بعافیت واپس تشریف لائے۔ کثیر تعداد میں عام وخاص نے استقبال کیا۔ اور دعاؤں کی درخواست کی۔

اسلامی نظریاتی کونسل کے لئے نومنتخب اراکین کو مبارکباد:

رئیس الجامعہ مولانا سید نسیم علی شاہ وجملہ اراکین نے اسلامی نظریاتی کونسل کے لئے جمعیت علمائے اسلام کے اراکین (حضرت مولانا محمد خان شیرانی، مولانا فضل علی حقانی، مولانا یوسف صاحب) کی نامزدگی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اسے ملک وملت اور دین اسلام کے لئے ایک مثبت اقدام قرار دیتے ہیں۔

17/مئی 2009ء بروز اتوار:

جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان بنوں کا شعبہ اسلامی ترقیات سرگرم عمل ہے۔ اس سلسلے میں کوٹکہ امیر معاویہ بنوں میں رئیس الجامعہ حضرت مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب نے ایک خوبصورت اور شاندار تعمیر شدہ مسجد کے افتتاحی پروگرام میں اہل علاقہ کے کثیر تعداد کو خطاب کرتے ہوئے جامعہ کے دیگر رفاہی کاموں پر تفصلاً روشنی ڈالی۔ علاقہ کے عوام الناس نے جامعہ کے مساعی اور خدمات کو سراہا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**وفیات:**

(حضرت مولانا سرفراز خان صفدرؒ، مولانا محمد احمدؒ، مولانا مفتی محمد امینؒ، مولانا سرفراز نعیمیؒ، شمس الہادی شامنصورؒ) اکابرین کی وفات وشہادت یکے بعد دیگرامت مسلمہ کے لئے سانحہ عظیم ہے۔ اکابر کی وفات سے علمی دنیا یتیم ہوتی جارہی ہے۔ وفات کی خبر پہنچنے پر جامعہ کے تمام اساتذہ کرام اور طلباء نے علیحدہ علیحدہ ختم قرآن اوران کے درجات کی بلندی کے لئے اجتماعی دعائیں کیں۔ جامعہ کے مہتمم اور تمام اساتذہ کرام مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

**میٹرک رزلٹ:**

سیشن 09-2008ء کے امتحانات میں دارالحبۃ للایتام کی طرف سے 20عدد ایتام نے شرکت کی۔ نتیجہ آنے پر 18عدد پاس رہے۔ ان میں سے 10عدد نے فسٹ ڈویژن حاصل کیا۔ اور ساتھ ہی اپنے کلاس میں اوّل، دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کیے۔ میٹرک کرنے والے ایتام کے لئے جامعہ نے مختلف تعلیمی اداروں میں داخلہ لینے کے لئے کوشش جاری وساری ہے۔

**شعبہ تخصص:**

امسال متخصصین سال اول کی کارکردگی بہ نسبت گذشتہ سالوں ممتاز اور اچھی رہی تمرین تخریج وتحقیق فتاویٰ اور امتحانات میں نتائج احسن رہے۔ نیز دیگر اہل افتاء نے خراج تحسین پیش کی۔

سال اول کی اختتام پر متخصصین کو مقالات کے لئے درجہ ذیل عنوانات تشکیل دیئے گئے۔

۱۔ جدید پیش آمدہ مسائل کی حل وتحقیق۔ ۲۔ بیمہ کی رائج صورتیں اور شرعی جائزہ۔

۳۔ امام وخطیب کی شرعی ذمہ داریاں۔ ۴۔ اجارہ کے جواز وعدم جواز کی صورتیں۔

۵۔ زکوٰۃ کے جدید مسائل۔

ان تمام مقالات میں مقالہ نگار سے باقاعدہ اہل علم کی پانچ رکنی کمیٹی مناقشہ کر کے ان کے لئے اجراء سند کی جاتی ہیں۔

**داخلہ برائے وفاق المدارس ملتان:**

امسال ۱۴۳۰ھ بمطابق ۲۰۰۹ء وفاق المدارس العربیہ ملتان کے سالانہ امتحان کے لئے جامعہ کے 235 طلباء اور 130 طلبات نے داخلہ لیا۔

**ایتام کورسز:**

امسال گرمیوں کی چھٹیوں میں ایتام کے لئے فنی کورسز جن میں کمپیوٹر، ٹیلرنگ، الیکٹریشن، جلد سازی اور کلگیرافی شامل ہیں۔ یکم جولائی 2009ء سے باقاعدہ کورسز کا اجراء کیا جائے گا۔

.....☆☆☆☆☆.....

© rasailojaraid.com